Maulana Azad National Urdu University

M.A. (Urdu)

III - Semester Examination November/December - 2015

Paper : 11 - Tanqeed - 1

گیارہواں پرچہ : تنقید۔ا

Total Marks : 70 **Time : 3 hours**

حصہ الف

890

I- تمام سوالات لازمی ہیں۔ ذیل میں ہرسوال کے چار جوابات دیے گئے ہیں۔صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔ 10x1=10

1۔ ''مالہ وما علیہ'' کس کی تصنیف ہے ؟

(الف) مولوی عبدالحق (ب) کلیم الدین احمد (ج) شمس الرحمٰن فاروقی (د) نیاز فتح پوری

2۔ ایک سائنس کے طور پر Aesthetics (جمالیات) کی اصطلاح سب سے پہلے کس نے استعمال کیا؟

(الف) ہیگل (ب) بام گارٹن (ج) افلاطون (د) ارسطو

3۔ نظریہ ''اظہاریت'' کا سب سے بڑا علم بردار کون ہے؟

(الف) ڈیکارٹ (ب) برکلے (ج) کانٹ (د) کروچے

4۔ ذیل میں سے کس کا تعلق تاثراتی تنقید سے نہیں ہے؟

(الف) اینگلز (ب) والٹر پیٹر (ج) اسپنگارن (د) آسکر وائلڈ

5۔ ذیل میں کون سی صنعت صنائع معنوی میں شامل نہیں ہے؟

(الف) تلمیح (ب) تجنیس (ج) لف ونشر (د) حسن تعلیل

6۔ عالم عالم عشق وجنوں ہے دنیا دنیا وحشت ہے

دریا دریا روتا ہوں میں صحرا صحرا وحشت ہے

اس شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے؟

(الف) تضاد (ب) جمع وتفریق (ج) تکرار (د) ایہام

7۔ ''شعرالعجم'' کی کس جلد میں شبلی نے تخیل اور محاکات کی بحث کی ہے؟

(الف) جلد اول (ب) جلد دوم (ج) جلد سوم (د) جلد چہارم

8۔ کاشف الحقائق کے مصنف کون ہیں؟

(الف) عبدالرحمٰن (ب) امداد امام اثر (ج) عابد علی عابد (د) نجم الغنی

9۔ ''بیت الغزل'' کسے کہتے ہیں؟

(الف) غزل کا سب سے مشکل شعر (ب) مقطعے سے پہلے کا شعر (ج) مطلع کے بعد کا شعر (د) غزل کا سب سے اچھا شعر

10۔ فصاحت وبلاغت.................کے مجموعی عمل کا نام ہے۔

(الف) معانی اور بیان (ب) بیان اور بدیع (ج) بدیع اور معانی (د) معانی، بیان اور بدیع

حصہ ب

ذیل میں دیے گئے سوالوں میں سے کوئی پانچ کے جوابات دوسو (200) لفظوں میں دیجیے۔ **6 x 5 = 30**

1۔ بلاغت کی تعریف کیجیے اور ادب میں اس کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

2۔ اساتذہ کی اصلاحوں میں تنقیدی شعور کی کارفرمائی پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

3۔ ''اندازے'' کے حوالے سے فراق گورکھپوری کی تنقید نگاری پر اظہار خیال کیجیے۔

4۔ شبلی کے تصور ''محاکات'' کی وضاحت کیجیے۔

5۔ مشرقی تنقید کی اہم خصوصیات بیان کیجیے۔

6۔ تحقیقی تنقید کی تعریف کیجیے اور اس کی اہمیت واضح کیجیے۔

7۔ شعر کے بارے میں وجہی کے خیالات پر روشنی ڈالیے۔

8۔ تشبیہ اور اس کے ارکان کی وضاحت کیجیے۔

حصہ ج

ذیل میں دیے گئے کوئی دوسوالوں کے جوابات مطلوب ہیں۔ ہر جواب کم سے کم ایک ہزار (1000) الفاظ پر مشتمل ہو۔ **15 x 2 = 30**

1۔ تنقید کے لغوی اور اصطلاحی مفہوم کی وضاحت کیجیے اور ادب میں اس کی اہمیت وافادیت واضح کیجیے۔

2۔ جمالیاتی تنقید کے اصول وطریقِ کار پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

3۔ ''محاسن کلام غالب'' کی روشنی میں عبدالرحمٰن بجنوری کی تنقید نگاری کا تجزیہ کیجیے۔

4۔ اردو تنقید کی تاریخ میں ''مقدمۂ شعروشاعری'' کی اہمیت واضح کیجیے۔

☆☆☆